صفحات ۲۵۶۔ قیمت ۳۰ روپے۔ ملنے کا پتہ: ادارہ صراط مستقیم کراچی ۲۵۔ ۹ دی تاج سنٹر شاہ فیصل کالونی ۲ کراچی

پیش نظر کتاب خاندانِ نبوت کے مقدس حالات کا ایک آئینہ ہے۔ جو ازواج مطہرات رض، ابناء و بنات النبی ﷺ کے پیارے تذکروں کا حسین گلدستہ ہے۔ باب اول میں مسئلہ تعدد ازواج النبی ﷺ کو تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔ واقعہ افک اور تذکرہ بنات النبی ﷺ میں دشمنانِ صحابہ رض یعنی رافضیوں کی خوب خبر لی گئی ہے۔ روافض حضرت فاطمہ رض کے علاوہ دوسری بیٹیوں کے منکر ہیں۔ اور کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صرف ایک بیٹی تھی جو حضرت فاطمہ رض ہے۔ باقی تینوں یعنی سیدہ زینب رض، سیدہ رقیہ رض اور سیدہ ام کلثوم رض آنحضرت کی بیٹیاں نہیں تھیں۔ بلکہ یہ حضرت خدیجۃ الکبریٰ رض کے دوسرے خاوند سے تھیں۔ کاشانۂ نبوت میں صرف ان کی تربیت ہوئی ہے۔ مصنف کے بیان میں ان کے کافی شواہد ہیں۔ کہ یہ عقیدہ خود روافض کی اپنی کتابوں سے مخالف اور متصادم ہے۔ کتاب آسان اور عام فہم انداز بیان اور عام لوگوں کی افادیت کی حامل ہے۔

شناختی چہرہ یعنی داڑھی کا حسن | نام کتاب: شناختی چہرہ یعنی داڑھی کا حسن۔ مؤلف: مولانا سعید الرحمن صاحب

صفحات ۱۶۴۔ قیمت درج نہیں۔ ملنے کا پتہ: مکتبۃ العلمیہ متصل دارالعلوم سعیدیہ مانسہرہ۔ ہزارہ پاکستان۔

داڑھی نبی ﷺ کی سنت۔ دین کا شعار اور اس کا رکھنا واجب ہے۔ فقہاء کرام کے نزدیک داڑھی منڈانے والے یا شرعی حد سے کم رکھنے والے کی نماز میں اقتداء مکروہ تحریمی ہے۔ بدقسمتی سے بعض دین سے ناواقف لوگ اس اہمیت کو نظر انداز کر کے داڑھی کو ایک زائد سنت سمجھنے لگے ہیں۔ اور قینچی کردہ داڑھی پہ نازاں رہتے ہیں۔

زیر نظر کتاب میں احادیث کی روشنی میں داڑھی کے حکم کے علاوہ داڑھی کی شرعی حد فقہاء و ائمہ مجتہدین اور بزرگانِ دین کے اقوال سے ثابت کیا گیا ہے۔ قدیم و جدید فتاویٰ سے حوالہ جات کے نقل میں بہت احتیاط سے کام لیا گیا ہے۔ داڑھی پر خضاب اور مونچھوں کے رکھنے یا نہ رکھنے کے علاوہ سر کے بالوں کے مسنون اور غیر مسنون طریقہ سے تفصیلی بحث کی گئی ہے۔ کتاب کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ مصنف یہ کوشش کرتا ہے کہ متعلقہ مسئلہ کا کوئی پہلو تشنہ نہ رہے۔ دینی جذبہ رکھنے والے احباب کے لئے نہایت مفید ہے۔ (غلام الرحمن)

فتاویٰ عالمگیریہ | نام کتاب: فتاویٰ عالمگیریہ۔ ترجمہ و پیش کش: مولانا محمد صادق مغل۔ ملنے کا پتہ: قاضی محمد صادق مغل ۴۔ اعوان ٹاؤن گرجا روڈ۔ جی پی او۔ راولپنڈی۔

فتاویٰ عالمگیریہ فقہ حنفی کا ایسا گراں مایہ خزینہ ہے جس کے ہوتے ہوئے دینی مشکلات پیش ہونے پر کسی دوسری کتاب کی ضرورت نہیں رہتی۔ عربی میں ہونے کی وجہ سے ناواقف لوگ ابھی تک استفادہ سے محروم تھے۔ جناب قاضی محمد صادق صاحب مغل اور ان کے رفقاء کو یہ سعادت مل رہی ہے کہ انکی مساعی جمیلہ سے جلد نمبر ۱۴، ۱۵، ۱۶، ۱۹ ابھی منظر عام پر آگئی ہے کتاب سابقہ جلدوں کی طرح ترجمہ کے ساتھ اصل عربی عبارت سے مزین ہے۔ جلد ہذا مسائل فقہیہ کے دفعہ وار تذکرہ، ماخذ و مراجع کے علاوہ اعلیٰ سفید کاغذ، دیدہ زیب ٹائٹل اور آفسٹ کی طباعت سے آراستہ ہو کر نئے رنگ اور نئے انداز میں عوام و خواص کے استفادہ کے لئے منظر عام پر آگئی ہے۔ (غلام الرحمن)